# افعال :- جو سرزد ہو جاتا ہے ۔ امورِ طبیعیہ میں ساتواں نمبر ہے۔

افعال جس طرح کے بھی ہوں گے وہ پچھلی چھ چیزوں پر منحصر ہیں۔ (ارکان، مزاج، اخلاط، اعضاء، ارواح، قویٰ) یعنی یہ افعال کرواتی ہیں۔

## افعال کی اقسام :- افعال تین طرح کے ہیں :-

تحریک تسکین تحلیل

| تحریک | تسکین | تحلیل |
|---|---|---|
| Wetness، Water<br>پانی تری | ہوا/زمین، خشکی<br>Dryness Earth/Air | روشنی، گرم/حرارت<br>Heat Light |
| بلغم، نشاستہ دار غذا<br>Carbohydrate Phlegm | سودا، دموی<br>Sanguinous Black bile | صفرا، چربی<br>Fat Yellow Bile |
| | Protein ∝ Amino Acid<br>لحمیہ ∝ امائنو ایسڈ | |
| اعصابی نظام<br>Nervous Tissue | عضلاتی نظام<br>Connective Tissue ∝ Muscular Tissue | غدی نظام<br>Epithelial Tissue |
| روحِ نفسانی<br>Psychic Pneuma | روحِ حیوانی<br>Animal Pneuma | روحِ طبعی<br>Vital Pneuma |
| قوتِ نفسانی<br>Psychic Faculty | قوتِ حیوانی<br>Animal Faculty | قوتِ طبعی<br>Vital Faculty |
| Brain دماغ | Heart دل | Liver جگر |

# تفصیلی وضاحت:-

- اگر جسم میں ایک اعضاء میں تحریک ہے تو اس کی وجہ سے دوسری جگہ تسکین ہوگی اور تیسری جگہ تحلیل ہوگی

- ارکان میں سے اگر "پانی" میں تحریک ہو تو بلغم بڑھ جائے گی یعنی جسم میں نشاستہ دار غذا (Carbohydrate) بڑھ جائے گی جس کے نتیجے میں اعصابی نظام (Nervous tissues) کی سرگرمی بڑھ جائے گی جس بھی اعضاء میں ہوں گے ۔ اس طرح ہم کہہ سکتے ہیں کہ یہ بیماری بلغمی ہے اعصابی ہے ، پانی بڑھ گیا ہے ، نمی بڑھ گئی ہے اور اگر یہ زیادہ دیر تک رہے تو دماغ (Brain) کا مسئلہ ہوگا۔

- بلغم کسی بھی حالت میں بڑھ سکتی ہے یعنی تحریک معدے میں بھی ہو سکتی ہے ، جگر میں بھی ، آنتوں میں بھی ، عورتوں کے رحم (Uterus) میں بھی جس کے نتیجے میں اوپر بیان کردہ (بلغم ، اعصابی نظام ، روح نفسانی ، قوت نفسانی) اجزاء بڑھ جائیں گے اور اگر یہ دیر تک رہے تو آخر میں اثر دماغ پر بھی ہوگا۔

- ایک حالت (State) کبھی بھی مستقل نہیں رہتی اس وجہ سے جب ایک حالت اپنی انتہا پر ہوگی تو وہ اپنے سے اگلی حالت میں منتقل ہو جائے گی - اس لیے علاج کرتے ہوئے بھی ہم تسکین کو تحریک (Hyperactivity) میں بدل دیتے ہیں جس سے جسم میں خود بخود حیاتیات (Homeostasis) میں چلا جاتا ہے۔

## ذیابیطس (Diabetes)

- پورے جسم کا گلوکوز (Glucose) بڑھ جاتا ہے، پیشاب (Urine) بڑھ جاتا ہے، پیاس زیادہ لگتی ہے (خشکی کے کم ہونے سے تعلق)
- پٹھے تسکین (Hypoactive) میں ہوتے ہیں قوت حیوانی اور روح حیوانی بھی تسکین میں ہوتی ہیں۔ دل بھی آہستہ کام کر رہا ہوتا ہے

## بھوک کا کم لگنا (Anorexia Nervosa)

- اس میں معدہ (Stomach) تحریک (Hyperactive) میں ہوتا ہے کیونکہ معدے کی عصبون (Neurons) اپنی فعال حالت (Active state) میں ہوتی ہیں۔ جس کی وجہ سے بلغم بڑھ جاتی ہے جسم میں نشاستہ دار غذا (Carbohydrate) کی مقدار بڑھ جاتی ہے۔

## پولی سسٹک اووری سنڈروم (PCOS)

- اس میں ہمارا اعصابی نظام (Nervous Tissue) تحریک میں ہوتا ہے۔

## خون کی کمی (Anemia)

- اس میں ہمارے عضلاتی نظام (Muscular Tissue) کو تحریک میں پایا جائے گا اور خشکی بڑھی ہوگی (Dryness↑)

## نیند کا اڑ جانا (Asleep Condition)

- جسم میں خشکی زیادہ ہوگی (Dryness) اور تری کم ہوگی۔

## ماہواری کے ایام (Menstural Cycle):-

اس میں مریض درج ذیل حالتوں کے ساتھ ہو سکتا ہے:

### کثرت حیض/ منوریجیا (Bleeding/Menorrhagia)

اس میں ہمارا عضلاتی نظام (Muscular Tissue) تحریک میں ہوگا خشکی جسم میں بڑھ جائے گی اور غدی نظام تسکین میں ہوگا اگر ہم اس غدی نظام کو تحریک کی طرف لے جائیں تو کثرت حیض کا مسئلہ ٹھیک ہو جائے گا۔

### حیض کا رکنا (Menstural Cycle Stop)


اس میں ہمارا اعصابی نظام (Nervous Tissue) تحریک میں گا تری جسم میں بڑھ جائے گی اور عضلاتی نظام تسکین میں ہوگا اگر ہم عضلاتی نظام کو تحریک کی طرف لے جائیں تو مسئلہ ٹھیک ہو جائے گا۔

### حیض میں داغ والی حالت (Breakthrough Bleeding)

اس کو ہم Spotting Condition بھی کہہ سکتے ہیں جس میں خون کا بہاؤ ہموار نہ ہو (Not Smooth Bleeding) اس میں ہمارا غدی نظام (Epithelial Tissue) تحریک میں ہوگا اور اعصابی نظام تسکین میں ہوگا۔ جسے تحریک کی طرف لے جانے سے مسئلہ ٹھیک ہو جائے گا۔


| تحلیل | تسکین | تحریک |
|---|---|---|
| Wetness ، Water<br>تری پانی | روشنی ، حرارت<br>Heat Light | ہوا/زمین ، خشکی<br>Dryness Earth/Air |
| بلغم ، نشاستہ دار غذا<br>Carbohydrate phlegm | صفرا ، چربی<br>Fat Yellow Bile | سودا ، دموی<br>Sanguinous Black Bile |
| | | Protein & Amino Acid<br>امائینو ایسڈ & لحمیہ |
| اعصابی نظام<br>Nervous tissue | غدی نظام<br>Epithelial tissue | عضلاتی نظام<br>Connective Tissue & muscular Tissue |
| روح نفسانی<br>Psychic Pneuma | روح طبعی<br>Vital Pneuma | روح حیوانی<br>Animal Pneuma |
| قوت نفسانی<br>Psychic Faculty | قوت طبعی<br>Vital Faculty | قوت حیوانی<br>Animal Faculty |
| Brain دماغ | Liver جگر | Heart دل |


| تحلیل | تسکین | تحریک |
|---|---|---|
| ہوا/زمین ، خشکی<br>Dryness Earth/Air | Wetness ، Water<br>پانی تری | روشنی ، حرارت<br>Heat Light |
| سودا ، دموی<br>Sanguinous Black Bile | بلغم ، نشاستہ دار غذا<br>Carbohydrate Phlegm | صفرا ، چربی<br>Fat Yellow Bile |
| Protein & Amino Acid<br>امائینو ایسڈ & لحمیہ | | |
| عضلاتی نظام<br>Connective Tissue & muscular Tissue | اعصابی نظام<br>Nervous Tissue | غدی نظام<br>Epithelial Tissue |
| روح حیوانی<br>Animal Pneuma | روح نفسانی<br>Psychic Pneuma | روح طبعی<br>Vital Pneuma |
| قوت حیوانی<br>Animal Faculty | قوت نفسانی<br>Psychic Faculty | قوت طبعی<br>Vital Faculty |
| Heart دل | Brain دماغ | Liv |




- بلغم بڑھے گی
- تری بڑھے گی
- اعصابی نظام کی سرگرمی بڑھے گی

- سودا بڑھے گا
- خشکی بڑھے گی
- عضلاتی نظام بڑھے گا




- صفرا بڑھے گا
- حرارت بڑھے گی
- غدی نظام کی سرگرمی بڑھے گی

## اہم بات:

پورے جسم کے ایک ایک خلیے کے اندر جب تمام چیزیں منظم ہوں گی تو وہ صحت مند جسم کہلائے گا۔

| روشنی کی توانائی | پانی کی توانائی | ہوا/زمین کی توانائی |
|---|---|---|
| **Light Energy** | **Water Energy** | **Air/Earth Energy** |
| 4 , 5 | 1 , 6 | 2 , 3 |
| (غدی عضلاتی) (غدی اعصابی) | (عضلاتی اعصابی) (اعصابی غدی) | (عضلاتی اعصابی) (عضلاتی غدی) |
| H+D , H+W | W+C , W+H | D+C , D+H |
| (خشکی+گرم) . (خشکی+گرمی) | (سرد+تر) (گرم+تر) | (سرد+خشکی) (گرم+خشکی) |
| **شامل ریشہ (Tissue Involve):** | **شامل ریشہ (Tissue Involve):** | **شامل ریشہ (Tissue Involve):** |
| E+M , E+N | N+M , N+C | M+N , M+E |
| (Epithelial + muscular) (Epithelial + Nervous) | (Nervous + Muscular) (Nervous + Connective) | (Muscular + Nervous) (Muscular + Epithelial) |
| (غدی + عضلاتی) (غدی + اعصابی) | (اعصابی + عضلاتی) (اعصابی + غدی) | (عضلاتی + اعصابی) (عضلاتی + غدی) |
| **مزاج:** صفراوی | **مزاج:** بلغمی | **مزاج:** سوداوی |
| **دوائی کی اصلاحات (Medicine Terms):** | **دوائی کی اصلاحات (Medicine Terms):** | **دوائی کی اصلاحات (Medicine Terms):** |
| Stimulant محرک | Stimulant محرک | Stimulant محرک |
| Stimulant II شدید | Stimulant II شدید | Stimulant II شدید |
| Laxative ملین | Laxative ملین | Laxative ملین |
| Purgative مسہل | Purgative مسہل | Purgative مسہل |
| Antidote تریاق | Antidote تریاق | Antidote تریاق |
| Tonic مقوی | Tonic مقوی | Tonic مقوی |
| Elixir اکسیر | Elixir اکسیر | Elixir اکسیر |
| Volatile Oil روغنیات | Volatile Oil روغنیات | Volatile Oil روغنیات |

# اصلاحاتِ ادویہ (Medicinal Terms)

طب میں دوائیوں کے لیے جو اصلاحات (Terms) استعمال کی جاتی ہیں وہ درج ذیل ہیں :

## محرک (Stimulant) :-

ہر مزاج (Temperament) کی اپنی ایک محرک ہے ، چھ مزاج کی چھ محرک ہیں۔

یہ باورچی خانے کی جڑی بوٹیوں میں شامل ہیں جن کو اگر کوئی اناڑی انسان (جو طب کی سمجھ بوجھ نہ رکھتا ہو) بھی استعمال کرے تو اس کا کوئی نقصان نہیں ہوگا۔

1 نمبر محرک کا استعمال تب ہوگا جب مثلہ 6 نمبر کا ہوگا اسی طرح مثلہ جس نمبر کا ہوگا اس سے اگلا محرک علاج کے لیے دیا جائے گا۔

## محرک نمبر 2 (Stimulant II) اشدید :-

یہ محرک زیادہ قوی (High potency) ہوتا ہے مگر محفوظ ہوتا ہے اتنا اثر انداز نہیں ہوتا جسم پر۔

**اہم بات :** محرک اور شدید دونوں کا استعمال حاد یعنی Acute disease اور شدید علامات یعنی Severe Symptoms میں ہوتا ہے۔

## ملین (Laxative) :-

ہر مزاج کی اپنی ایک ملین ہے۔ چھ مزاج کی چھ ملینات ہیں۔

ملین اگر مزاج کے مطابق دی جائے تو یہ جسم کے ہر حصے سے رکاوٹ (obstruction) اور پیچیدگی (Complication) کو ختم کر دے گی کیونکہ اس کا اہم مقصد سم ربائی (Detoxification) کرنا ہوتا ہے

ملینات دست کی بیماری (Loose Motion) نہیں کرتیں۔

## مسہل (Purgative) :-

مسہلات پورے جسم کی سم ربائی (Detoxification) کرتے ہیں۔
مسہلات دست کی بیماری (Loose motion) کرتے ہیں۔

## تریاق (Antidote) :-

تریاق دائمی یا شدید بیماری (Chronic Disease) میں استعمال کیا جاتا ہے جیسے کینسر وغیرہ۔
تریاق کی زیادہ سے زیادہ مقدار 100mg یا اگر تھوڑی بڑھانی ہو تو صرف 250mg تک دی جاسکتی ہے۔ اگر اس سے زیادہ دیں گے تو مریض کی زندگی کو خطرہ ہو سکتا ہے۔

## مقوی (Tonic) :-

مقویات کمزور نظام (Weak system) کو طاقت (Strengthen) دیتی ہیں یعنی اگر 1 نمبر کمزور ہے تو 1 نمبر ہی مقوی دیں گے۔

## اکسیر (Elixir) :-

اکسیر اینٹی ایجنگ کا کام کرتا ہے۔ جسم میں بجلی کی طرح برقی توانائی (Electric Energy) پیدا کرتا ہے۔
اکسیر فوری کاروائی (Instant Action) کرتا ہے۔ اور اس کا اثر بھی لمبے عرصے تک رہتا ہے یہ زندگی دینے والی ادویات میں شامل ہے۔

## روغنیات (Volatile Oils) :-

ہر مزاج کی اپنی ایک روغنیات ہے ، چھ مزاج کی چھ روغنیات ہیں ۔

## سرمہ (Antimony) :-

ہر مزاج کا اپنا ایک سرمہ ہے چھ مزاج کے چھ سرمے موجود ہیں مگر محرک ، شدید ، ملین ، مسہل ، تریاق ، مقوی اور اکسیر کے مقابلے ان کا استعمال کم کیا جاتا ہے ۔